(۲) چیئرپرسن یا ڈپٹی چیئرپرسن یا ان کی جانب سے بورڈ کے اجلاسوں کی صدارت کی جائے گی یا ان کی غیر موجودگی میں بورڈ کے رکن بشرطیکہ وفاقی حکومت کی جانب سے چیئرپرسن کے امور کی سرانجام دہی کے لئے مذکورہ رکن کو مشتہر کیا گیا ہو کی جانب سے بورڈ کے اجلاسوں کی صدارت کی جائے گی۔

(۳) بورڈ کے اجلاس چیئرپرسن یا اس کی غیر موجودگی میں ڈپٹی چیئرپرسن کی جانب سے فیصلہ کردہ وقت، جگہ اور طریقہ کار کے تحت منعقد کئے جائیں گے۔ چیئرپرسن اور ڈپٹی چیئرپرسن دونوں کی غیر موجودگی میں بورڈ کے رکن کی جانب سے اجلاس طلب کیا جاسکتا ہے۔

بشرطیکہ مذکورہ رکن کو فاقی حکومت کی جانب سے چیئرپرسن کے امور کی سرانجام دہی کے لئے مشتہر کیا گیا ہو۔

(۴) بورڈ کے فیصلہ کے لئے درکار بورڈ کا کورم بورڈ کی کل رکنیت کا ۶۰ فیصد ہو گا اس میں رکن بلحاظ عہدہ شامل نہیں۔

(۵) اراکین کو اجلاس کی تاریخ، وقت اور مقام اور معاملات جس کا مذکورہ اجلاس میں بورڈ کی جانب سے فیصلہ کیا جائے گا کی بابت معقول نوٹس وصول ہو گا۔

(۶) موجود اراکین اور ووٹنگ کی اکثریت کی بنیاد پر بورڈ کے فیصلے کئے جائیں گے اور ووٹ برابر ہونے کی صورت میں اجلاس کی صدارت کرنے والے چیئرپرسن، ڈپٹی چیئرپرسن کا رکن کا ووٹ فیصلہ کن ووٹ ہو گا۔

(۷) بورڈ کے آئین میں موجود کسی خلا یا سقم کی بنیاد پر بورڈ کے کسی ایکٹ یا کارروائی کو کالعدم قرار نہیں دیا جائے گا بشرطیکہ اس دفعہ کی دیگر شرائط کو پورا کیا گیا ہو۔

(۸) بورڈ کے تمام حکمنامے اور فیصلے تحریری ہوں گے اور ان پر چیف ایگزیکٹو کے دستخط ہوں گے۔

۹۔ **چیف ایگزیکٹو۔** (۱) وفاقی حکومت سرکاری جریدہ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے تین سال کی مدت کے لئے ایکٹ ہذا کے تحت اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو کے امور کی سرانجام دہی کے لئے متعلقہ تعلیمی قابلیت اور تجربہ کے حامل شخص کے مجوزہ شرائط و قیود پر تقرر کرے گی۔ مذکورہ مدت کے لئے اس کی دوبارہ تقرری بھی کی جاسکتی ہے۔

(۲) تاوقتیکہ بورڈ مناسب تشکیل دیا گیا ہو، چیف ایگزیکٹو وفاقی حکومت کی جانب سے وقتاً فوقتاً دی گئی مذکورہ ہدایات کی صورت میں تین ماہ کی مدت تک اختیارات استعمال کرے گا اور بورڈ کا امور سرانجام دے گا۔

(۳) ایکٹ ہذا کی تصریحات میں مذکور کسی دیگر اختیار کے علاوہ چیف ایگزیکٹو حسب ذیل اختیارات کا حامل ہو گا اور حسب ذیل امور سرانجام دے گا، یعنی:۔

(i) عملہ کا انتظامی کنٹرول سنبھالنا؛

(ii) ریکارڈ اور سربمہر کی محفوظ تحویل؛

(iii) دفعہ ۷ کی ذیلی دفعہ (I) کی شق (II) کی تصریحات کی صورت میں ضابطہ میں مجوزہ مختلف کیٹگریز کی اسامیوں کو پر کرنا۔

(iv) بورڈ کی منظوری کے لئے سالانہ میزانیائی تجاویز اور نظر ثانی شدہ میزانیائی تخمینے پیش کرنا۔

(v) منظور شدہ میزانیائی تخمینہ جات میں سے اخراجات کرنا اور فنڈز کی ازسرنو تخصیص کرنا اگر ضروری ہو تو بورڈ کی منظوری ہی سے ازسرنو تخصیص کی جائے گی۔

(vi) بورڈ کی منظوری کے لئے دفعہ ۴۷ کے تحت متقاضی سالانہ رپورٹ تیار کرنا۔

(vii) اپنے اور اپنے ملازمین کے بلز کی بابت کنٹرولنگ آفیسر کے اختیارات استعمال کرنا۔

(viii) کوئی دیگر فرائض سرانجام دینا اور بورڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً تفویض کردہ مذکورہ اختیارات کا استعمال کرنا؛

(ix) انضباطی اختیارات کا استعمال کرنا؛ اور

(x) ہنگامی صورتحال میں بورڈ کی طرف سے بورڈ کے آئندہ اجلاس میں مذکورہ کارروائی کی رپورٹ پیش کرنے کی ذمہ داری کی صورت میں امور سرانجام دینا اور اس کی توثیق کرنا۔

(۴) مقتدرہ کے افسران اور عملہ مذکورہ اختیارات کا حامل ہو گا اور مذکورہ امور سرانجام دے گا جو چیف ایگزیکٹو کی جانب سے ایکٹ ہذا کے تحت ان کو تفویض کئے گئے ہوں۔

۱۰۔ **سائنسی کمیٹی:** (۱) سائنسی کمیٹی ایس ای ایس اقدامات سے متعلقہ معاملات پر مقتدرہ کی سائنسی رائے حاصل کرنے کی ذمہ دار ہو گی۔

(۲) سائنسی کمیٹی سائنسی رائے جات کی تیاری میں اپنے کام کا طریقہ کار اختیار کرے گی بورڈ کی جانب سے ان طریقہ کاروں کی منظوری دی جائے گی۔

(۳) سائنٹیفک کمیٹی متعلقہ تعلیمی قابلیت و تجربے کے حامل دس مشہور سائنس دانوں پر مشتمل ہو گی جن کی تقرری کی مدت تین سال ہو گی جس کی تجدید ہو سکتی ہے۔

(۴) چیف ایگزیکٹو سے تجویز پر بورڈ کی جانب سے سائنٹیفک کمیٹی کے اراکین کی تقرری کی جائے گی جس کے لئے مجوزکردہ شرائط و قیود پر قومی میڈیا اور متعلقہ سائنٹیفک جرنلز میں اشاعت سے امیدواروں سے درخواستیں طلب کی جائیں گی۔

(۵) سائنٹیفک کمیٹی اپنے اراکین سے ایک کنوینر منتخب کرے گی۔

(۶) ایسے موضوع جس پر سائنٹیفک کمیٹی اپنے اراکین کی مہارت کے دائرہ کار کے اندر رائے دینے سے قاصر ہونے کی صورت میں سائنٹیفک کمیٹی اضافی رکن کو شامل کرنے اور اس غرض کے لئے ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کی درخواست کرے گی۔

(۷) سائنٹیفک کمیٹی اپنے اراکین کی اکثریت کی جانب رائے فراہم کرے گی اور کسی اقلیتی آراء کو ریکارڈ کرے گی۔

(۸) اتھارٹی کے نمائندگن کو سائنٹیفک کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کا استحقاق ہو گا۔ اگر اس کی دعوت دی جانے کی صورت میں وضاحت کے اغراض کے لئے وہ معاونت کریں گے۔

(۹) اتھارٹی سائنٹیفک کمیٹی کے لئے تکنیکی، لاجسٹک اور سیکریٹریل ضروری تعاون فراہم کرے گی۔

۱۱۔ **سائنسی آراء:** (۱) سائنٹیفک کمیٹی غذائی تحفظ، ایس پی ایس خطرات کے تخمینہ کے ضمن میں ایک سائنسی رائے فراہم کرے گی؛

(الف) اس کے کارہائے منصبی کے ضمن میں اور ایسے کیسز جہاں ملکی قانون سازی کرنے کے لئے سائنٹیفک کمیٹی سے مشاورت کی جائے گی؛ اور

(ب) دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ (۱) کے دائرہ کار میں آنے والے معاملات پر اپنے کئے گئے اقدامات پر۔

(۲) ذیلی دفعہ ۱ کی شق (الف) میں دی گئی درخواستوں میں سائنٹیفک مسئلے کو ایک وضاحتی نوٹ کے ساتھ حل کیا جائے گا۔

(۳) ماسوائے باضابطہ حالات کے رائے کے لئے درخواست میں مقرر کردہ مخصوص مدت کے اندر سائنٹیفک کمیٹی سائنٹیفک رائے فراہم کرے گی۔

(۴) بورڈ اپنے فیصلوں میں سائنٹیفک رائے کو مد نظر رکھے گا۔

۱۲۔ **مشاورتی کمیٹی:۔** (۱) مشاورتی کمیٹی میں غذائی تحفظ اور ایس پی ایس پاکستان کی درجہ بندی / حیثیت میں دلچسپی رکھنے والی تنظیموں اور جماعتوں کے کم از کم بارہ اور زیادہ سے ۲۴ نمائندگان پر مشتمل ہو گی۔

(۲) مشاورتی کمیٹی کے اجلاسوں میں صدارت چیف ایگزیکٹو کریں گے۔ اجلاس چیئر کی دعوت پر طلب کیا جائے گا۔

(۳) مشاورتی کمیٹی کی رکنیت میں، قومی میڈیا میں طلب کی گئی اظہار دلچسپی کی اشاعت کے بعد تیار کی گئی امیدواروں کی فہرست سے بورڈ کی جانب سے مشاورتی کمیٹی کے اراکین کو منتخب کیا جائے گا۔

(۴) مشاورتی کمیٹی کے اراکین بورڈ کے اراکین نہیں ہوں گے۔

(۵) مشاورتی کمیٹی کرے گی،۔

(الف) اتھارٹی کے متعلقہ معاملات کے ضمن میں اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ تعلقات فراہم کرے گی۔

(ب) موجودہ اور مجوزہ ایس پی ایس اقدامات پر عملدرآمد کے ضمن میں اتھارٹی کو رائے فراہم کرے گی۔

(۶) مشاورتی کمیٹی کے آپریشنل طریقہ ہائے کار کو اتھارٹی کے اندرونی احکامات میں واضح کیا جائے گا۔

(۷) اتھارٹی مشاورتی کمیٹی کے لئے ضروری تیکنیکی، لاجسٹک اور سیکریٹریل معاونت فراہم کرے۔

(۸) چیف ایگزیکٹو مشاورتی کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کے لئے دیگر متعلقہ اداروں سے نمائندگان / نامزدگان کو دعوت دے سکتا ہے۔

۱۳۔ **مشاہرہ و اخراجات:۔** اتھارٹی چیئرپرسن، ڈپٹی چیئرپرسن اور بورڈ، سائنٹیفک کمیٹی اور مشاورتی کمیٹی کے اراکین کو مجوزہ مشاہرے اور اتھارٹی کے لئے اور اس کے ایماء پر اس کی ذمہ داریوں کی انجام دہی میں اٹھنے والے اخراجات ادا کرے گی۔

۱۴۔ **وفات پر عہدے کا خالی ہونا:۔** چیئرپرسن، ڈپٹی چیئرپرسن، چیف ایگزیکٹو اور بورڈ، سائنٹیفک کمیٹی یا مشاورتی کمیٹی کے رکن کا عہدہ، عہدے دار کی وفات کی صورت میں خود بخود تصور کیا جائے گا۔

باب۔۳

غذائی تحفظ و ایس پی ایس اقدامات / اصلاحات

۱۵۔ **ایس پی ایس اصلاحات کی تعمیل کا تقاضا۔** زرعی مصنوعات خوراک یا فیڈ جو کہ پاکستان سے برآمد کی جائے یا درآمد کی جائے، کی ایکٹ ہذا میں دیئے گئی ایس پی ایس اصلاحات کی تعمیل ضروری ہو گی۔

۱۶۔ **بین الصوبائی تجارت۔** (۱) زرعی مصنوعات، خوراک یا فیڈ میں بین الصوبائی تجارت کو ایس پی ایس اصلاحات ہر عملدرآمد کرنا ہو گا۔

(۲) کوئی زرعی مصنوعہ، خوراک یا فیڈ جو کہ ایک صوبے کے ایس پی ایس اصلاحات کی تعمیل کرتی ہو، کسی دیگر صوبے میں اس وجہ سے کہ وہ اس صوبے میں موجود اصلاحات کی تعمیل نہیں کر رہی ہے، کو مارکیٹ میں آنے سے روکا نہیں جائے گا تاوقتیکہ یہ ثابت ہو جائے کہ اس کو خطرے کے تعین کی بنیاد پر کیا گیا ہے کہ ایسے اقدامات اس صوبے میں انسانی، پودوں اور جانوروں کی صحت کے تحفظ کے لئے ضروری ہیں۔

(۳) ایس پی ایس اصلاحات کی تعمیل سے متعلق صوبوں کے مابین تنازعے کی صورت میں اتھارٹی تنازعے کے حل کے لئے سہولت فراہم کرے گی۔

۱۷۔ **سرکاری اختیارات۔** (۱) اتھارٹی اس کو یقینی بنائے گی کہ زرعی مصنوعات، خوراک یا فیڈ کی درآمد اور برآمد کرنے والے کاروباری حضرات ایس پی ایس اصلاحات پر سرکاری کنٹرولز کے نظام کے ذریعے تعمیل کریں۔

(۲) سرکاری کنٹرولز اس کی جانچ پڑتال کریں گے:

(الف) زرعی مصنوعات، خوراک یا فیڈ کے کاروبار سے وابستہ خطرات کی نشاندہی کرنا۔

(ب) ایس پی ایس اصلاحات کی تعمیل کے ضمن میں زرعی مصنوعات، خوراک یا فیڈ کے کاروبار کے آپریٹرز کا ریکارڈ رکھنا۔

(ج) کوئی دیگر معلومات جو کہ عدم تعمیل کی نشاندہی کرتی ہو۔

(۳) سرکاری اختیارات کو بغیر امتناع کے استعمال کیا جائے گا ماسوائے اس صورت میں جہاں زرعی مصنوعات، خوراک یا فیڈ کے کاروبار آپریٹر کا پیشگی نوٹیفکیشن ضروری ہو۔

(۴) سرکاری اختیارات کو برآمد کے لئے زرعی مصنوعات فوڈ یا فیڈ کی تیاری کے کسی بھی مرحلے میں استعمال کئے جا سکیں گے۔

۱۸۔ **زرعی مصنوعات، خوراک اور فیڈ کی درآمد اور برآمد:** (۱) کوئی کاروباری آپریٹر پاکستان سے کوئی زرعی مصنوعہ، خوراک یا فیڈ کی درآمد یا برآمد اتھارٹی کے ساتھ رجسٹریشن فیس کی ادائیگی پر خود کو پہلے رجسٹرور کرز کے بغیر نہیں کرے گا۔

(۲) قواعد کے مطابق اتھارٹی یہ مجوز کر سکتی ہے کہ ذیلی دفعہ (۱) کے تحت رجسٹرڈ کاروباری آپریٹر اور اتھارٹی کی جانب سے جاری کئے گئے مصدقہ لائسنس کے حامل کاروباری آپریٹر ہی صرف کسی مخصوص زرعی مصنوعہ، خوراک یا فیڈ کی پاکستان کے لئے درآمد یا برآمد کریں گے جو کہ ایس پی ایس اصلاحات کی تعمیل اور لائسنس فیس کی ادائیگی سے مشروط ہے۔

(۳) ذیلی دفعہ (۲) میں حوالہ دیئے گئے کسی لائسنس کی ایس پی ایس شرائط کو ریگولیشن میں مجوزہ کیا جانے کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ وہ درآمد یا برآمد کے لئے کاروباری آپریٹر کے حق پر من مانی یا بلاجواز امتیازی سلوک کا ذریعہ نہ بن سکے۔

(۴) ذیلی دفعہ (۱) اور (۲) کی دفعات سے مشروط، کوئی کاروباری آپریٹر پاکستان میں پاکستان سے کوئی زرعی مصنوعہ، خوراک یا فیڈ کی کوئی درآمد یا برآمد صرف مجاز افسر کی جانب سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ کے حصول کے بغیر نہیں کی جائے گی جو کہ یہ تصدیق کرتا ہے کہ یہ ایس پی ایس اصلاحات کی تعمیل کرتا ہے۔

(۵) کسٹم اتھارٹیز اس کو یقینی بنائیں گے کہ زرعی مصنوعہ، فوڈ یا فیڈ کی درآمد یا برآمد نہیں ہوگی جو کہ ذیلی دفعہ ۴ میں تصریح کردہ کے مطابق سرٹیفکیٹ حاصل نہ کرے۔

(۶) اتھارٹی ضابطے کے ذریعے سرکاری کنٹرول کو انجام دینے کے لئے رجسٹریشن فیس، لائسنس فیس اور سروس چارجز کی شرائط سمیت کسی حالات کے تحت کسی بھی لیبارٹری ٹیسٹنگ کی لاگت جو ضروری ہو کو تجارتی آپریٹر سے وصول کر سکتا ہے۔

۱۹۔ **مجاز افسران کا نام نامزد کرنا۔** (۱) اتھارٹی اپنے افسر یا کسی بھی افسر کو، وفاقی یا صوبائی حکومت کی مشاورت کے بعد اس ایکٹ کے تحت اتھارٹی کی ذمہ داریوں کو عملی جامہ پہنانے کے اغراض کے لئے ایک بااختیار افسر کی حیثیت سے کام کرنے کے لئے نامزد کر سکتی ہے۔

(۲) مجاز افسر کے اختیارات اپنے دائرہ اختیار تک محدود ہوں گے۔

(۳) ادارہ مجاز افسر کو بااختیار ہونے کی سند جاری کرے گا۔

(۴) ادارہ ایسے فرد کو اجازت دیتے ہوئے یہ یقینی بنائے گا کہ وہ (i) دیانت دار ہے (ii) متعلقہ تعلیمی قابلیت کا حامل ہے (iii) ایس پی ایس اقدامات سے متعلق معاملات میں کافی تجربہ رکھتا ہے (iv) کسی بھی زرعی مصنوعات، کھانے کا خوراک کے کاروبار میں بلاواسطہ یا بالواسطہ مصروف عمل نہیں ہے نہ ہی اس میں مالی دلچسپی رکھتا ہے۔

۲۰۔ **مجاز افسران کے اختیارات۔** (۱) مجاز افسر حسب ذیل عوامل سرانجام دینے کا اختیار رکھتا ہے:۔

(الف) کسی بھی مناسب وقت پر یا جب کبھی بھی کسی بھی ادارے میں کام جاری ہو جس میں خیال کیا ہو کہ زرعی مصنوعات، کھانے یا خوراک برآمد کرنے کے لئے تیار کی جاتی ہے، ذخیرہ کی جاتی ہے یا پروسیس کی جاتی ہے اور اس مقصد کے لئے ایس پی ایس اقدامات کی پیروی کا تعین کرنے کے لئے اس ادارے میں داخل ہو سکتا ہے؛

(ب) کسی بھی ادارے میں کسی بھی مصنوع کی جانچ پڑتال کر سکتا ہے جس کے بارے میں اسے تعین ہو کہ اس پر ایکٹ کا نفاذ ہوتا ہے، یا اس کے خیال میں وہ کسی بھی زرعی مصنوع، کھانے یا خوراک کی تیاری کے لئے استعمال یا قابل استعمال ہے جس پر یہ ایکٹ یا اس کے تحت وضع کردہ ضوابط کا نفاذ ہوتا ہے اور وہ لیبارٹری معائنے یا دیگر معائنے کے لئے نمونے حاصل کر سکتا ہے؛

(ج) وہ کسی بھی گاڑی، جہاز، ٹرین یا ہوائی جہاز کو روک سکتا ہے، تلاشی لے سکتا ہے یا اسے حراست میں لے سکتا ہے جس کے بارے میں اس کا خیال ہو کہ کسی مصنوع پر اس ایکٹ کا اطلاق ہوتا ہے اور اس بارے میں مطلع کیا گیا ہے، اس مصنوع کی جانچ پڑتال کر سکتا ہے اور قانون کے مطابق اس کے نمونے حاصل کر سکتا ہے؛

(د) وہ کسی بھی ظرف، گھڑی کو کھول سکتا ہے اور اس کی جانچ پڑتال کر سکتا ہے جس کے بارے میں اسے یقین ہو کہ اس میں موجود مصنوع پر اس ایکٹ کا اطلاق ہوتا ہے اور اس بارے میں مطلع کیا گیا ہے، اس مصنوع کی جانچ پڑتال کر سکتا ہے اور قانون کے مطابق اس کے نمونے حاصل کر سکتا ہے؛

(ہ) وہ کسی بھی میڈیم میں، جیسے کمپیوٹر میں، کسی بھی کتاب، دستاویزات، یا دیگر ریکارڈ کے لئے کال کر سکتا ہے جس کے بارے میں اس کا خیال ہو کہ ان میں زرعی مصنوعات کھانا یا خوراک سے متعلق اس ایکٹ کی شقوں کا نفاذ ہوتا ہے یا ان میں معلومات یا ڈیٹا موجود ہے اور وہ ان کی نقول اور نمونے حاصل کر سکتا ہے۔

(و) وہ ایسے وقت کے لئے ضبط یا نظر بند کر سکتا ہے، جیسا ضروری ہو، کسی بھی آرٹیکل کے ذریعے یا اس سے متعلق اس کی رائے ہو کہ یہ ایکٹ ہذا کی دفعات کے منافی ہیں اور ضبط یا نظر بندی کے وقت مذکورہ کارروائی کی بنیاد پر مالک یا وہ شخص جس سے قبضہ میں لی گئی ہوں یا نظر بند کی گئی ہوں کو تحریری طور پر آگاہ کرے گا۔

(ز) ادارے کی جانب سے سپرد کردہ عوامل سرانجام دے گا۔

(ح) ایکٹ ہذا کے تحت وہ جب کوئی کام سرانجام دیتا ہے وہ کسی پولیس آفیسر یا کسی دیگر سیکیورٹی آفیسر یا سیکیورٹی آفیسر، بااختیار افسر کی مدد کرتے ہوئے انہیں اختیارات کا حامل ہو گا جو بااختیار افسر کے ہوں گے اور فرائض سرانجام دیتے ہوئے اس پر وہی ذمہ داریاں ہوں گی یا تحفظ حاصل ہو گا جو بااختیار آفیسر کے پاس ہیں۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) میں الفاظ "کوئی آرٹیکل" شامل ہے؛

(الف) زرعی مصنوع، خوراک یا فیڈ یا کوئی بھی مادہ/ مواد جو کسی بھی خوراک یا فیڈ کی ترکیب یا تیاری میں استعمال ہونے کے قابل ہو؛

(ب) ایسی چیز استعمال کی جا سکتی ہے جو زرعی مصنوعات، خوراک یا فیڈ کی تیاری، تحفظ، پیکنگ یا اسٹوریج کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے، جس میں پیکنگ میٹریل/ مواد بھی شامل ہے؛

(ج) لیبلنگ یا اشتہاری مواد۔

(۳) کسی مجاز آفیسر کو ذیلی دفعہ (۱) کے تحت اپنے اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے، اگر اس کے تحت کسی متاثرہ افراد کی ضرورت ہو تو، دفعہ ۱۹ کے تحت اسے جاری کردہ اتھارٹی کا سرٹیفکیٹ پیش کرے گا۔

(۴) مجاز افسر اپنے زیر قبضہ یا حراست میں لئے گئے کسی بھی آرٹیکل کو ذیلی دفعہ ۱ کی شق (و) کے تحت جاری کرے گا، جہاں وہ مطمئن ہے، اس کو موصول شواہد کی بناء پر، کہ آرٹیکل کے حوالے سے، ایکٹ کی دفعات کی تعمیل کی گئی ہے۔

(۵) جہاں کسی مجاز آفیسر ذیلی دفعہ اکی شق (و) کے تحت کسی آرٹیکل کو ضبط یا اسے حراست میں لیا ہے اور اس کے مالک یا اس شخص کے قبضے میں تھی جس کے قبضے یا نظر بند ہونے کے وقت تحریری طور پر اس کی تباہی یا ضائع کرنا تھا؛ آرٹیکل کو ختم کر دیا جائے گا یا اس کے تصفیے کے طور پر مجاز آفیسر اس قانون کے تحت کسی جرم کے کسی کارروائی کو تعصب کے بغیر ہدایت دے سکتا ہے۔

(۶) جہاں مالک یا کوئی فرد جیسا کہ ذیلی دفعہ (۵) میں مذکور ہے، ذیلی دفعہ اکی شق (و) کے تحت قبضہ یا حراست میں لئے گئے آرٹیکل کو ختم کرنے یا اس کے (تصرف) کے لئے رضامندی نہیں دیتا ہے اور جس کے ضمن میں وہ یہ رائے رکھتا ہے کہ ایکٹ ہذا کی تصریحات کی خلاف ورزی نہیں کی گئی ہے تب مجاز افسر:

(الف) تاخیر کے بغیر نمونے کو تجزیات کے لئے نامزد لیبارٹری میں بھیجیں؛ اور

(ب) لیبارٹری رپورٹ کی بنیاد پر (i) سامان کی واگزاری، یا ایکٹ ہذا کی دفعات کی تعمیل کے مطابق بنانے کے لئے برتاؤ، جو بھی صورت ہو، کا حکم دے گا یا (ii) دفعہ ۲۶ کے تحت جرمانہ عائد کرے گا اگر وہ فیصلہ کرے کہ ایکٹ ہذا کی دفعات کی خلاف ورزی ہوئی ہے، سامان کی تباہی اور اس پر اٹھائے گئے اخراجات کی مالک سے وصولی کا حکم دے گا۔

(۹) کوئی فرد مجاز آفیسر کی ہدایات یا ضروریات کے جواب میں کسی بھی مجاز آفیسر کو کسی بھی قسم کی معلومات دینے کے گریز نہیں کر سکتا، اس لئے کہ یہ معلومات کو مجرم قرار دے سکتی ہے یا اسے جرمانے کا ذمہ دار قرار دے سکتی ہے۔

(۱۰) اگر کوئی اعتراض کیا گیا ہے اور معلومات کو تحریری طور پر یا کسی اور طرح درج کیا گیا ہے تو ریکارڈ اعتراض ہونے کی حقیقت کو متعین کرے گا۔

۲۱۔ **خطرے کا تجزیہ:۔** (۱) ایکٹ ہذا کے تحت اطلاق شدہ فوڈ سیفٹی اور ایس پی ایس اقدامات، خطرہ تجزیہ کے اصولوں (رسک تشخیص، رسک منیجمنٹ، اور رسک کمیونیکیشن) پر مبنی ہوں گے۔

(۲) خطرے کا تجزیہ موجود سائنسی شواہد پر مبنی ہو گا اور آزاد، مقصد اور شفاف انداز میں انجام پائے گا۔

(۳) خطرے کا تجزیہ اتھارٹی کے ذریعہ تجویز کردہ ضابطے کے مطابق کیا جائے گا۔

۲۲۔ **شفافیت:۔** (۱) ایکٹ ہذا کے تحت رسک منیجمنٹ اقدامات کی تیاری، تخمینہ و نظر ثانی کے دوران براہ راست یا نمائندہ اداروں کے ذریعے آزاد اور شفاف عوامی مشاورت کی جائے گی ماسوائے جہاں معاملے کی عجلت، فوری ضرورت اس کی اجازت نہیں دیتی ہو۔

(۲) دستاویزات تک رسائی کے قومی قانون کے قابل اطلاق دفعات پر بغیر کسی تعصب کے، جہاں اس پر شک کی مناسب بنیاد موجود ہو کہ ایسی زرعی مصنوعہ، خوراک یا فیڈ اضافی صحت، مویشیوں کی صحت اور پودوں کے لئے خطرے کا باعث ہو سکتی ہے، پر رسک کی نوعیت، سنگینی اور وسعت پر انحصار کرتے ہوئے متعلقہ اتھارٹیز زرعی مصنوعہ، خوراک اور فیڈ بزنس آپریٹرز اور اگر ضروری ہو، تو عوام کو مطلع کرنے کے لئے مناسب اقدامات کریں گے جس میں انسانی صحت، مویشیوں کی صحت، پودوں

کی صحت کو لاحق خطرات کی نوعیت یا زرعی مصنوعہ، خوراک یا فیڈ مکمل ممکنہ وسیع خطرات کی نشاندہی کی جاتی ہے تاکہ خطرات جو کہ موجود ہوں اور ان خطرات سے بچنے، کم کرنے یا ختم کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جاتے ہیں یا اٹھائے جائیں گے۔

۲۳۔ **رازداری:۔** (۱) کسی بھی انفرادی کاروبار سے متعلق کوئی معلومات جو ایکٹ ہذا کے تحت سرکاری اختیارات کے استعمال کے دوران اتھارٹی کی جانب سے حاصل کی گئی ہو کو بزنس آپریٹر سے تحریری رضامندی کے بغیر افشاں نہیں کی جائے گی ماسوائے:

(الف) بورڈ کی ہدایت کے مطابق جہاں تک اس ایکٹ کے مقاصد کے لئے ضروری ہو؛

(ب) کسی جرم کے لئے کسی کارروائی کے غرض یا ایسی سماعت کی کسی رپورٹ کے اغراض کے لئے؛ یا

(ج) عدالت یا ٹربیونل کے احکامات کی تعمیل کرتے ہوئے۔

(۲) کوئی فرد جو کہ ذیلی دفعہ (۱) کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایسی کوئی معلومات کا انکشاف کرتا ہے کے خلاف مجرمانہ غفلت کی کارروائی کی جائے گی۔

باب۔۴

دائرہ اختیار، جرائم و سزائیں

۲۴۔ **ایکٹ کی دفعات کی خلاف ورزی ایک جرم ہو گا۔** (۱) کوئی کاروباری فرد جس نے ایکٹ ہذا کی دفعات، قواعد یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد کی خلاف ورزی کی ہو، خلاف ورزی کی کوشش کی ہو یا خلاف ورزی کرنے میں مدد فراہم کی ہو، کو جرم کا مرتکب قرار دیا جائے گا اور دفعہ ۲۶ میں تصریح کردہ کے مطابق سزا دی جائے گی۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کی دفعات کی عمومیت سے مشروط، کوئی فرد کسی جرم کا مرتکب ہوتا ہے اگر فرد۔

(i) بغیر کسی قانونی عذر کے مجاز افسر کی ہدایت کی تعمیل نہیں کرتا ہے۔ تفصیلات جیسا کہ ہدایت کا نوٹس، اس کے اجراء کے لئے طریقہ کار، ضابطے میں تعمیل اور مقرر وقت کی مدت فراہم کی جائے گی؛

(ii) بغیر کسی عذر کے، اس ایکٹ کے تحت مجاز افسر کی کسی بھی دیگر قانونی تقاضے (اگرچہ بیان کیا گیا ہو) کی تعمیل نہیں کرتا ہے؛

(iii) بلا قانونی عذر، ایسے مجاز افسر کی راہ میں دانستہ طور پر رکاوٹ، مزاحمت یا حائل ہو جو کہ ایکٹ ہذا کے تحت اپنے کارہائے منصبی سرانجام دے رہا ہے؛

(iv) بلا قانونی عذر، مجاز افسر کی معاونت کرنے والے ایسے پولیس افسر یا سیکیورٹی افسر کی راہ میں دانستہ طور پر رکاوٹ، مزاحمت یا حائل ہو جو کہ ایکٹ ہذا کے تحت اپنے کارہائے منصبی سرانجام دے رہا ہے؛ یا

(v) ایسے مجاز افسر کو دانستہ طور پر جھوٹا بیان دے یا اسے گمراہ کرنے، جو کہ ایکٹ ہذا کے تحت اپنے کارہائے منصبی سرانجام دے رہا ہے؛

۲۵۔ **کمپنیوں وغیرہ کی جانب سے خلاف ورزیاں۔** جہاں کسی آئینی ادارے یا کمپنیات آرڈیننس، ۱۹۸۴ء (نمبر ۴۷ بابت ۱۹۸۴ء) کے تحت رجسٹریشن کمپنی نے ایکٹ ہذا کی خلاف ورزی کی اور یہ ثابت ہو گیا کہ ایسے جرم کا ارتکاب آئینی ادارے یا کمپنی کے ڈائریکٹر، شراکت دار، مینیجر، سیکرٹری یا دیگر افسر کے غفلت برتنے سے منسوب ہے یا ان کی ملی بھگت یا رضامندی کے ساتھ کیا گیا، تو اس آئینی ادارے یا کمپنی کے ساتھ ساتھ اس آئینی ادارے کمپنی کا ایسا ڈائریکٹر، شراکت دار، منیجر، سیکرٹری یا کوئی دیگر افسر ایسی خلاف ورزی کا قصوروار متصور ہو گا اور اسے حسبہ سزا دی جائے گی۔

وضاحت:۔ اس دفعہ کی اغراض کے لیے، "آئینی ادارے" میں سوسائیٹیز رجسٹریشن ایکٹ، ۱۸۶۰ء یا کوآپریٹیو سوسائیٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵ء کے تحت رجسٹرڈ شدہ فرم، افراد کی تنظیم اور سوسائٹی شامل ہے۔

۲۶۔ **سزائیں:۔** (۱) جو کوئی ایکٹ ہذا کی تصریحات اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد یا ضوابط کی خلاف ورزی کرے، خلاف ورزی کی کوشش یا اس میں سہولت کار ہو، تو اسے ایسی دیگر سزا پر اثر انداز ہوئے بغیر جس کا وہ سزاوار ہو، سزا دی جائے گی، اگر وہ جرم حسب ذیل سے متعلقہ ہو:۔

(i) مجاز افسر کی جانب سے جاری کردہ سند کے حصول کے بغیر برآمد اور درآمد کی صورت میں ایک سال قید، بیس لاکھ روپے جرمانہ اور تین سال کے لیے رجسٹریشن کی معطلی؛

(ii) غذائی تحفظ اور ایس پی ایس کی صورتحال کی تعمیل کے ضمن میں دانستہ غلط بیانی کی صورت میں ۶ ماہ قید، دس لاکھ روپے جرمانہ اور دو سال رجسٹریشن کی معطلی؛ نیز

(iii) بالا (i) اور (ii) میں مذکورہ کے علاوہ، ضابطے میں مقررہ جرائم کی صورت میں دو لاکھ پچاس ہزار روپے جرمانہ اور ۶ ماہ سے ایک سال کے لیے رجسٹریشن کی معطلی، جو جرم کی نوعیت اور سنگینی پر منحصر ہے۔

(۲) کاروبار چلانے والے پر ایک سے زائد جرائم میں مقدمہ چلایا اور سزا دی جا سکتی ہے۔ اس صورت میں اسے زیادہ سے زیادہ سزا دی جائے گی۔

(۳) وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے ذیلی دفعہ (1) کے تحت جرمانہ کی رقم میں اضافہ یا کمی کر سکتی ہے۔

(۴) وفاقی حکومت ہر سال جنوری کے پہلے ہفتے میں ذیلی دفعہ (۳) کے تحت جاری کردہ تمام نوٹیفکیشنز قومی اسمبلی میں پیش کرے گی۔

۲۷۔ **جرائم کی سماعت۔** (۱) باوجود اس امر کے کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں کوئی چیز مذکور ہو، چیف ایگزیکٹیو یا اس کی جانب سے کسی مجاز شخص کی تحریری درخواست پر دفعہ ۲۶ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شقات (i) اور (ii) کے تحت کسی بھی قابل سزا جرم کی سماعت کرے گی۔

(۲) اگر کسی کاروبار چلانے والے پر کسی ایسے جرم کا الزام عائد کیا جاتا ہے جو دفعہ ۲۶ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (iii) میں مذکور ہو، تو مجاز افسر اس جرم کی سماعت کرے گا۔

(۳) اگر کسی شخص کو ایکٹ ہذا کے تحت کسی قابل جرم میں سزا سنائی جاتی ہے تو مجاز افسر مزید ہدایات جاری کر سکتا ہے کہ زرعی مصنوعہ، خوراک یا غذائی شے کو ضبط کر کے اتھارٹی کے سامنے لایا جائے اور مجوزہ ضابطے کے تحت ٹھکانے لگایا جائے۔

۲۸۔ **اپیل:۔** کوئی شخص جس کے خلاف فیصلہ یا فرمان جاری کیا گیا ہو، اس فیصلے یا فرمان کے موصول ہونے کی تیس دن کے اندر اپیل دائر کر سکتا ہے۔

(الف) اگر وہ فیصلہ یا فرمان سیشن کورٹ نے جاری کیا ہو تو ہائی کورٹ میں؛

(ب) اگر مجاز افسر نے فرمان جاری کیا ہو تو دفعہ ۲۹ کے تحت صراحت کے مطابق اپیلٹ ٹربیونل میں۔

۲۹۔ **اپیلٹ ٹربیونل:۔** (۱) وفاقی حکومت مجاز افسران کے دیئے گئے فیصلوں اور احکامات کے خلاف اپیلوں کی سماعت اور ان پر فیصلہ کرنے کے لیے بورڈ کے تین اراکین پر مشتمل اپیلٹ ٹربیونل تشکیل دے گی۔

(۲) ٹربیونل کے اراکین کی نامزدگی، اس کا طریقہ کار اور دیگر متعلقہ امور قواعد میں وضع کیے جائیں گے۔

۳۰۔ **دائرہ اختیار کی مخالفت:۔** دفعہ ۲۷ میں مذکورہ مجاز افسر کی عدالت کے سوا کوئی بھی عدالت ایکٹ ہذا کے تحت کیے گئے کسی بھی کام سے متعلق کوئی بھی فیصلہ یا فرمان جاری نہیں کرے گی اور نہ ہی کوئی کارروائی کرے گی۔

باب۔۵

صوبائی حکومتوں کے ساتھ تعاون

۳۱۔ **صوبائی حکومتوں کے ساتھ تعاون۔** اتھارٹی

(الف) ہر صوبائی حکومت تقاضا کرے گی کہ وہ اپنی اتھارٹی نامزد کرے، جسے غذائی تحفظ، جانوروں کی صحت اور پودوں کی صحت پر سرکاری کنٹرول کروانے کی بابت اختیارات حاصل ہوں؛

(ب) نامزد اتھارٹی سے تقاضا کرے گی کہ وہ دفعہ ۶ کی ذیلی دفعہ (۱) میں وضع کردہ کے مطابق اتھارٹی کے دائرہ اختیار میں آنے والے امور سے متعلق سرکاری کنٹرول کی سرگرمیوں کے سالانہ پروگرام تیار کرے، بالخصوص؛

(i) کنٹرول سے متعلق سرانجام دی جانے والی سرگرمیوں کی اقسام؛

(ii) پروگرام مرتب کرنے کے لیے استعمال ہونے والا معیار؛

(ج) نامزد اتھارٹی سے تقاضا کرے گی کہ وہ دفعہ ۶ کی ذیلی دفعہ (۱) میں وضع کردہ کے مطابق اتھارٹی کے دائرہ اختیار میں آنے والے امور سے متعلق سرکاری کنٹرول کی سرگرمیوں پر رپورٹ تیار کرے، بالخصوص؛

(i) سرانجام دی گئی کنٹرول سرگرمیوں کی تعداد اور قسم؛ نیز

(ii) عدم تعمیل کے پتا چلنے کی صورت میں کی گئی کارروائیاں؛

(د) نامزد اتھارٹی سے تقاضا کرے گی کہ وہ اتھارٹی کی آراء کے لیے سالانہ پروگرام اور رپورٹس جمع کروائے، جن کے بارے میں نامزد اتھارٹی کو مطلع کیا جائے گا؛

(ہ) ایس پی ایس اقدامات سے متعلق پالیسی رہنما اصول اور صوبائی انتظامی حرور میں بورڈ کی جانب سے ان پر عملدرآمد کے لیے کئے گئے پالیسی فیصلوں سے مطلع کرنا؛

(و) صوبائی حکومتوں کی جانب سے اختیار کئے جانے والے ایس پی ایس اقدامات کے اطلاق کے حوالے سے خطرے کے درست تخمینہ پر مبنی کسی تبدیلی سے مشروط ماڈل ضوابطر رہنما اصول اور کتابچے شائع کرنا؛

(ز) اس امر کو یقینی بنانا کہ خطرے کے قومی تخمینوں میں خطرے میں علاقائی تبدیلیوں کو غور میں لانا اور اسی حساب سے صوبائی حکومتوں کو خطرے کے انتظام کے لیے لاگو کئے جانے والے اقدامات پر مشورہ دینا؛ نیز

(ح) ایس پی ایس اقدامات سے متعلق قوانین، قواعد اور ضوابط کو ہم آہنگ بنانے کا متقاضی ہونا؛

مہنگائی صورت حال اور بحرانوں کا انتظام

۳۲۔ **ایس پی ایس قیود کو یقینی بنانے کے لیے ہنگامی اقدامات۔** (ا) جہاں نامزد اتھارٹی کو یہ بات واضع ہو کہ کسی زرعی پیداوار، غذا یا خوراک کے انسانی صحت، جانوروں یا پودوں کی صحت کو سنگین خطرہ لاحق ہونے والا ہو اور ایکٹ ہذا یا وقتی طور پر نافذ العمل دیگر قوانین کے تحت مذکورہ خطرے کا تدارک نہیں کیا جا سکتا ہو تو نامزد اتھارٹی صورتحال کی سنگینی کے لحاظ سے فوری طور پر حسب ذیل اقدامات میں سے کوئی ایک یا زائد اقدامات اختیار کرے گی۔

(الف) ملک میں پیدا ہونے والی زرعی پیداوار، غذا یا خوارک؛

(i) قابل اعتراض زرعی پیداوار، غذا یا خوراک کے مارکیٹ میں یا اس کے استعمال کی معطلی کو یقینی بنانا؛

(ii) قابل اعتراض زرعی پیداوار خوراک یا غذا کے لیے خصوصی قیود مقرر کرنا؛

(iii) خطرہ کے ذریعہ کو شناخت کرنے کے لیے اپنا بہترین کوششین کرنا اور مستقبل میں اس کے وقوع پذیر ہونے کو روکنے کے لیے اقدامات کرنا؛

(iv) کوئی اور مناسب عارضی اقدام؛ نیز

(v) اس حوالے سے کئے گئے اقدامات سے اتھارٹی کو مطلع کرنا؛

(ب) درآمد کردہ زرعی پیداوار خوراک یا غذا کی صورت میں اتھارٹی اضافی اقدامات کرے گی؛

(i) پیداوار کے ملک میں مجاز اتھارٹی یا سرکاری نگرانی کے لیے ٹرانزٹ ذمہ دار کو شناخت کردہ خطرہ کے بارے مطلع کرنا؛

(ii) قابل اعتراض زرعی پیداوار، غذا یا خوراک کے مارکیٹ میں یا اس کے استعمال کی معطلی کو یقینی بنانا؛

(iii) قابل اعتراض زرعی پیداوار، غذا یا خوراک متعلقہ ملک یا جہاں ٹرانزٹ ملک کا اطلاق ہوتا ہو وہاں تمام ٹرانزٹ ملک اس کے کسی حصہ سے درآمد کو معطل کرنا؛

(iv) متعلقہ ملک کے تمام یا کسی حصہ سے قابل اعتراض زرعی پیداوار خوارک یا غذا کی مستقبل میں درآمد کے لیے خصوصی قیود مقرر کرنا؛

(v) کوئی دیگر اقدام جو مناسب خیال کیا جائے۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت کے لیے اقدامات حسب ذیل سے مشروط ہوں گے؛

(الف) وفاقی حکومت کی منظوری؛

(ب) صوبائی حکومتوں کی نامزد اتھارٹی کی اطلاع؛ نیز

(ج) رجسٹرڈ درآمد کنندگان کی اطلاع؛

(۳) جب اتھارٹی ذیلی دفعہ (۱) میں بیان کردہ خطرے سے باخبر ہو جائے گی تو وہ صوبائی حکومتوں کی نامزد اتھارٹی کو مطلع کرنے کے لیے اقدامات کرے گی۔

۳۳۔ **بحران کے انتظام کے لیے عمومی منصوبہ۔** (۱) اتھارٹی غذائی تحفظ، جانوروں کی صحت اور پودوں کی صحت سے متعلق بحران کے انتظام کے لیے صوبائی حکومتوں کی نامزد اتھارٹیز کے قریبی تعاون سے قومی منصوبہ بنائے گی۔

(۲) بحران کے انتظام کا قومی منصوبہ غذائی تحفظ جانوروں کی صحت اور پودوں کی صحت کو بلاواسطہ یا بالواسطہ خطرات کی صورت حال کی اقسام کی تخصیص کرے گا جنہیں ایکٹ ہذا کی تصریحات یا وقتی طور پر نافذ العمل دیگر قوانین کے ذریعے قابل قبول حد تک روکا، کم یا ختم نہ کیا جا سکتا ہو یا دفعات اور ۲۰ کی تصریحات کے محض اطلاق کے ذریعے مناسب انتظام نہ کیا جا سکتا ہو۔

(۳) بحران کے انتظام کا قومی منصوبہ، بحران کے انتظام کے لیے ضروری عملی طریق ہائے کار بشمول بحران یونٹ کی تنظیم و عملہ، شفافیت کے لیے لاگو کیے جانے والے اصول اور کمیونیکیشن حکمت عملی کی بھی تخصیص کرے گا۔

باب۔۶

لیبارٹری ٹیسٹنگ سہولیات

۳۴۔ **نمونہ جات کا لیبارٹری تجزیہ۔** (۱) غذائی تحفظ کی سرکاری نگرانی کے مقصد کے لیے دفعہ ۲۰ کے تحت تجزیہ کے لیے حاصل کئے گئے نمونہ جات اور ایس پی ایس قیود کا دفعہ ہذا کے تحت نامزد کردہ ٹیسٹنگ لیبارٹری کے ذریعے تجزیہ کیا جائے گا۔

(۲) اتھارٹی، نجی یا سرکاری شعبہ میں، یونیورسٹی، تحقیقاتی ادارہ میں قائم کردہ یا وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت کی جانب سے قائم کردہ کسی ٹیسٹنگ لیبارٹری کو ایس پی ایس قیود کی سرکاری نگرانی کے لیے ٹسٹنگ کے لیے نامزد کر سکتی ہے۔

(۳) اتھارٹی دفعہ ہذا کے تحت نامزد کردہ ٹسٹنگ لیبارٹریوں کی فہرست سرکاری جریدے میں مرتب اور شائع کریگی۔

(۴) دفعہ ۲۰ کے تحت غذائی تحفظ ایس پی ایس شرائط سرکاری انتظام کے مقاصد کے لیے اکھٹے کئے جانے والے نمونہ جات انتخاب اور نامزد کردہ لیبارٹری افسر کی جانب سے ارسال کیا جائے گا۔

(۵) تجزیہ کی لاگت اتھارٹی برداشت کرے گی۔

۳۵۔ **ٹیسٹنگ لیبارٹریوں کی منظوری۔** (۱) نامزد کردہ ٹیسٹنگ لیبارٹریاں جو غذائی تحفظ کے سرکاری انتظام اور ایس پی ایس شرائط جو بین الاقوامی ادارہ کے معیارات آئی ایس او ۱۷۰۲۵ میں مقررہ ٹسٹنگ عمومی شرائط کی تعمیل یا کوئی ترجیحی معیار اور ایسی قبل کی منظوری پاکستان نیشنل اکریڈیشن کونسل (پی این اے سی) یا دیگر کسی ادارے کی جانب سے جو نمونہ جات کے تجربہ کرے کے مقاصد کے لیے ہو گا۔

(۲) لیبارٹریاں صرف ان ٹیسٹنگ طریقہ ہائے کار اور معیارات کے لیے مقرر کی جائیں گی جو منظوری کے دائرہ کار میں آتے ہوں۔

۳۶۔ **ٹیسٹنگ اور تجزیہ لیبارٹریوں کا قیام۔** اتھارٹی ٹیسٹنگ لیبارٹریاں قائم کر سکتی ہے جہاں یہ اطمینان ہو کہ بصورت دیگر کسی وجہ یا ذریعہ سے ایسی سہولیات، میسر نہیں ہیں (بشمول) غیر ملکی ٹسٹنگ خدمات کے۔

۳۷۔ **حوالہ لیبارٹریاں کی نامزدگی۔** (۱) ہر ٹیسٹ کے لیے جو کہ زرعی اجناس کے سرکاری مقاصد کے انتظام کیلئے درکار ہو، خوراک یا غذائی تحفظ کے ضمن میں اتھارٹی ٹیسٹ کے لیے حوالہ لیبارٹری ایک لیبارٹری مقرر کر سکتی ہے۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت نامزد کردہ یہ حوالہ لیبارٹریاں حسب ذیل امور کے لیے ذمہ دار ہونگی یعنی:-

(الف) لیبارٹریوں کی نامزدگی پر اتھارٹی کو مشورہ دینا جس کا کام سرکاری انتظامات کے مقصد کے لیے تجزیہ کرنا ہے۔

(ب) رابطہ اور تعاون کرنا بشمول ٹریننگ کی پیش کش اور دیگر خدمات، لیبارٹریوں کے تکنیکی معیارات کے سلسلے میں سرگرمیوں اور ٹیسٹنگ خدمات کا ذمہ لینا۔

(ج) قومی اور بین الاقوامی طور پر معیاری نمونہ جات کے ٹیسٹوں میں تقابلی ٹسٹوں کے انعقاد اور شرکت اس نکتہ نظر سے کرنا کہ نامزد کردہ لیبارٹریوں کی کارکردگی کی نگرانی کرنا؛

(د) اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ تمام لیبارٹریاں کوالٹی کا اندرونی نظام رکھتی ہیں (کارآمد طریقہ کار، ریکارڈ رکھنا، تصاویر انگیز ذخیرہ، تحفظ اور معمول کے سازوسامان کے تعین کا طریقہ کار کو شامل کرنا) نیز

(ہ) متعلقہ اتھارٹیز کو دیگر لیبارٹریوں کو غذا اور خوراک کی ٹسٹنگ کے لیے معلومات کی نشر و اشاعت کرنا، آیا سرکاری مقاصد کے انتظام کے لیے ہیں۔

(۳) اتھارٹی کی جانب سے حوالہ لیبارٹی کو اس کی خدمامت کے عوض ادائیگی کی جائے گی جس نے دفعہ ہذا کی تصریحات کی تحت خدمات سرانجام دیں،

۳۸۔ **رپورٹس۔** ٹسٹنگ کی سہولت کی خاطر ایک لیبارٹری جسے زرعی اجناس، غذا یا خوراک، غذائی تحفظ اور ایس پی ایس شرائط کے سرکاری انتظامات کے ٹسٹ اور تجربہ کے لیے جمع کرائی گئی ہیں تو ٹسٹ کے نتائج کی دستخط شدہ رپورٹ نمونہ جمع کرانے والے نامزد افسر کو جاری کرے گا۔

باب۔۷

مالیاتی تصریحات

۳۹۔ **فنڈ۔** (۱) اتھارٹی کے پاس ناقابل سوفت فنڈ ہو گا جو اتھارٹی کے اختیار میں ہو گا اور ایکٹ ہذا کے تحت اس کے امور کے اخراجات پورا کرنے بشمول بورڈ کے اراکین کو معاوضہ کی ادائیگی، سائنسی کمیٹی اور مشاورتی کمیٹی اور چیف ایگزیکٹیو، افسران، مشران، ماہرین اور اتھارٹی کے دیگر اخراجات کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

(۲) فنڈ حسب ذیل پر مشتمل ہو گا۔

(الف) وفاقی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ اصل رقم؛

(ب) رقوم وفاقی حکومت وقتاً فوقتاً اتھارٹی کو سالانہ بجٹ یا بصورت دیگر تخصیص کرے؛

(ج) کوئی مالیاتی تخصیص جو وفاقی حکومت کی جانب سے کسی فنڈ یا محاصل سے برآمدات کے فروغ سے متعلق وصول ہوئی ہوں جیسا کہ برآمدی ترقیاتی فنڈ یا درآمدات ہے؛

(د) وقف، عطیات، چندہ، وصیتی ہبہ، ٹرسٹ اور ملکی اور بین الاقوامی اداروں اور تنظیموں کی جانب سے فراہم کردہ گرانٹس،؛

(ہ) جیسا کہ بورڈ کی جانب سے منظوری قرضہ جات امداد اور معاونت کسی بھی صورت میں اور کسی بھی ذریعہ سے جیسا کہ بورڈ کی جانب سے منظور کردہ ہو؛

(و) فروخت، چندوں یا اشاعت کی ملکیہ اور افسران محققین، مشیران اور اتھارٹی کے ماہرین کی جانب سے پیش وارانہ خدمات کی انجام دہی کے لیے معاوضہ؛

(ز) انتظام کے امور کی کارکردگی کے لیے عائد کردہ اخراجات اور فیس اور اس کے تحت وصول کردہ جرمانہ؛

(ح) وفاقی حکومت کی اسکیموں کی گئی سرمایہ کاریوں سے آمدن اگر کوئی ہے جیسا کہ بورڈ کی جانب سے منظور کردہ ہو؛ نیز

(ط) دیگر تمام رقوم یا املاک جو کہ کسی بھی طریقہ کسی معاملہ میں اتھارٹی کو قابل ادائیگی یا اختیار میں ہو۔

(ی) ٹیکس کی ادائیگی کے بعد اصل سالانہ اخراجات پر کوئی اور اصل اخراجات سے کوئی ہونے والا کوئی خسارہ کو وفاقی حکومت پوار کرے گی۔

(۳) اتھارٹی کی جانب سے تمام فنڈ مقامی یا غیر ملکی کرنسی میں کسی بھی شیڈول بینک میں ایک یا زائد اکاؤنٹس میں رکھے اور جمع کئے جائیں گے اور جیسا کہ بورڈ کی جانب سے منظور کردہ اور ہدایت دی گئی لین دین کیا جائے گا؛

(۴) اتھارٹی کی جانب سے ہونے والی آمدن بشمول گرانٹس؛ عطیات اور فیس اخراجات وغیرہ اس کی جانب سے بجٹ سے حاصل کئے جائیں گے جو بورڈ کی جانب سے وفاقی حکومت کو پیش کرنے کے لیے منظور کئے جائیں گے؛

(۵) اتھارٹی اپنے واجبات وصول کر سکتی ہے جیسا کہ ایکٹ ہذا میں مذکورہ ہے اگر وہ محاصل وصولی ایکٹ، ۱۹۸۰ء (بابت ۱۹۸۰ء) کی دفعات کے تحت ایسا کرنا ضروری ہے۔

(۶) چیف ایگزیکٹیو جیسا کہ مقررہ کیا گیا فنڈ کی بنیاد پر اکاؤنٹس کو اپریٹ کرے گا۔

۴۰۔ بجٹ۔ اتھارٹی ہر مالی سال کے ضمن میں بجٹ تیار کرے گی اور فنڈ کی تخصیص کے لیے ایسی تاریخ اور ایسی صورت میں جیسا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے صراحت کی جائے تخمینہ شدہ وصولوں اور جاری اخراجات کا گوشوارہ ظاہر کرتا ہو اور آئندہ مالی سال کے دوران وفاقی حکومت سے درکار رقوم مطالبہ کیا جائے گا۔

۴۱۔ حسابات رکھنا۔ (۱) اتھارٹی کنٹرول جنرل آف اکاؤنٹس کی جانب سے مقرر کردہ طریق کار کے مطابق اپنے حسابات رکھے گئی اور ہر مالی سال اختتام پر آمدنی اور اخراجات کے اس مالی سال کے حسابات کا گوشوارہ تیار کرائے گی۔

(۲) چیف ایگزیکٹیو یہ حسابات باقاعدہ طور پر رکھے گا۔

۴۲۔ **حسابات کا اڈٹ۔** (۱) اتھارٹی کے حسابات کا آڈٹ محکمہ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کرے گا۔

(۲) آڈٹ شدہ حسابات منظوری کے لیے بورڈ کے سامنے پیش کئے جائیں گے۔

(۳) آڈٹ رپورٹ، کی ایک نقل اتھارٹی کی آراء کے ساتھ وفاقی حکومت کو ارسال کی جائے گی۔

باب۔۸

عمومی اور متفرق تصریحات

۴۳۔ **ایکٹ کی تصریحات نافذ العمل رہیں گی۔** (۱) ایکٹ ہذا کی تصریحات اضافی ہوں گی اور وقتی طور پر نافذ العمل کسی دیگر قانون سے متصادم نہیں ہوں گی۔

(۲) بلحاظ اس امر کے کہ اس کے تحت کسی قانون، قاعدہ یا ضابطہ کی تصریحات وضع کی جائیں، ایکٹ ہذا، قاعدہ یا ضابطہ کے تحت وضع کردہ تصریحات ایس پی ایس اقدامات کے اطلاق، متعلقہ زرعی مصنوعات، خوراک اور غذا سے متعلق تنازعہ، اختلاف یا کنا قص کی حد تک موثر رہیں گی۔

۴۴۔ **اتھارٹی کے خلاف مقدمہ کا نوٹس وغیرہ۔** (۱) اتھارٹی کسی رکن یا اتھارٹی سے منسلک کسی شخص یا اتھارٹی کے کسی افسر یا ملازم یا اتھارٹی کی ہدایت یا اتھارٹی کے تحت کام کرنے والے کسی شخص، چیرپرسن، اتھارٹی کے کسی افسر یا ملازم کے خلاف ایکٹ ہذا یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد یا ضوابط کے تحت انجام دیئے جانے کے حوالے سے مقدمہ درج نہیں کیا جائے گا تاوقتیکہ اتھارٹی کے صدر دفتر یا مذکورہ رکن، شخص یا ملازم کی رہائشی کے مقام پر تحریری نوٹس ارسال کئے جانے سے ایک ماہ کا عرصہ نہ گزر چکا ہو اور جس میں کارروائی کی وجہ، مدعی کا نام اور پتہ اور طلب کردہ دادرسی کی نوعیت تحریر ہو۔

(۲) ایسے ہر ایک مقدمہ کی عرض داشت اس بیان پر مشتمل ہوگی کہ مذکورہ نوٹس ارسال کیا جا چکا ہے۔

(۳) بلحاظ اس امر کے کہ تحریر ایکٹ، ۱۹۰۸ء (نمبر ۹ بابت ۱۹۰۸ء) میں کچھ مذکورہ ہو، کوئی مقدمہ جیسا کہ ذیلی دفعہ (۱) میں بیان کیا گیا ہے، تاوقتیکہ یہ غیر منقولہ جائیداد کے لیے مقدمہ ہے، کارروائی کی وجہ معلوم ہونے کے بعد اگلے چھ ماہ کے اندر شروع نہیں کیا جائے گا۔

۴۵۔ **معاوضے کی بابت کچھ معاوضوں پر پابندی عائد ہوگی۔** کسی بھی شخص کو اس ایکٹ کی دفعات میں سے کسی پر عمل درآمد ہونے کی بناء پر یا کسی بھی دوسرے ادارے کی طرف سے اس ایکٹ یا اس کے تحت تشکیل کردہ قواعد و ضوابط کے تحت کسی پالیسی ہدایات یا احکامات پر عملدرآمد کی صورت ہونے والے نقصان کی بابت کسی نقصان کے معاوضے کا کوئی حق حاصل نہیں ہوگا چاہے وہ معاہدہ، ادائیگی ہرجانہ یا کسی اور صورت میں کیوں نہ ہو؛

۴۶۔ **استثنیات۔** اس ایکٹ کے آغاز نفاذ پر،۔

(الف) کسی بھی قسم کی تمام رقوم، جائیدادیں، حقوق اور مفادات جو جاری، استعمال کئے گئے، ان سے استفادہ کیا گیا، ان کی ملکیت حاصل کی گئی یا پراجیکٹ۔ ڈبلیو ٹی او کی تعمیل میں ایسی پی ایس سہولیات اور کوالٹی معائنہ خدمات کو مضبوط بنانے کے لئے خصوصی پروگرام میں شامل کی گئیں اور ایسے آغاز سے فوری پہلے موجود مجموعی قومی حیوانات و نباتات

صحت معائنہ خدمات (NAPHIS) این اے پی ایچ آئی ایس) کا قیام اور مذکورہ NAPHIS پر اجیکٹ پر عائد تمام قانونی ذمہ داریاں اتھارٹی کو منتقل ہو جائیں گی۔

(ب) انجام دیا گیا ہر کام، کی گئی کارروائی، صرف کردہ واجبات یا ذمہ داریاں، حاصل کردہ حقوق واثاثے، مقرر یا مجاز کردہ افراد، تفویض کردہ اختیارات یا دائرہ کار، مذکورہ NAPHIS پر اجیکٹ پر لاگو قوانین، قواعد اور ضوابط کی کسی دفعات کے تحت جاری کردہ حکم نافذ العمل رہے گا اور جاری رہے گا اور مختلف معاملات کے ضمن میں جو اس ایکٹ کے ذریعے منضبط ہونے ہیں یا قواعد اور ضوابط کے ذریعے تجویز کئے جانے ہیں کو اس ایکٹ کے تحت بالترتیب منضبط کردہ یا تجویز کردہ سمجھا جائے گا اور مذکورہ قوانین اور اس کے تحت تشکیل کردہ قواعد اور ضوابط کی کسی دفعات کے بارے میں کسی دستاویز میں دیا گیا حوالہ، جہاں تک ہو سکتا ہے اس ایکٹ کی متعلقہ دفعات، اور اس کے تحت تشکیل کردہ قواعد یا ضوابط کا حوالہ سمجھا جائے گا؛

(ج) مذکورہ قوانین کے تحت بنائے گئے کوئی بھی قواعد یا ضوابط، جب تک اس ایکٹ، اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد و ضوابط جو مختلف معاملات سے متعلق ہوں کی دفعات سے مطابقت نہیں رکھتے، جن کو اس ایکٹ کے ذریعے منضبط کرنا پڑے گا یا بالترتیب قواعد و ضوابط کے ذریعے تجویز کردہ اس وقت تک نافذ العمل رہیں گے جب تک کہ اس کی دفعات کے مطابق ان کو منسوخ، تبدیل، بازیافت یا تبدیل نہ کیا جائے۔

۴۷۔ **سالانہ رپورٹ۔** (۱) ہر مالیاتی سال کے اختتام پر اتھارٹی اپنی سرگرمیوں کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کرے گی اور اسے شائع کرے گی، جس میں منجملہ، حسب ذیل کے بارے میں وضاحت کرے گی:۔

(الف) انجام دیئے گئے سرکاری کنٹرول کی تعداد اور قسم؛

(ب) پتہ لگائے گئے عدم تعمیل کے معاملات میں کی گئی کارروائیاں؛

(ج) سیکشن ۳۰ کے سلسلے میں سرگرمیاں؛ اور

(د) اگلے سال کے لئے کنٹرول پلان اور سرگرمیاں۔

(۲) رپورٹ کی ایک نقل وفاقی حکومت کو پیش کی جائے گی۔

(۳) اتھارٹی، وفاقی حکومت کو وقتاً فوقتاً کوئی دوسری رپورٹ، گوشوارہ، وضاحت، تخمینہ، اعداد و شمار یا ایسی دوسری معلومات مہیا کرے گی، جو وفاقی حکومت کو درکار ہو۔

۴۸۔ **ادارے اراکین، افسران اور اہلکاران جو سرکاری ملازم ہوں گے :** چیئرمین، ڈپٹی چیئرپرسن، اراکین، چیف ایگزیکٹیو، افسران، ایڈوائزرز، مشران اور ماہرین کو جب اس ایکٹ کی دفعات یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد و ضوابط کی تصریحات میں سے کسی کے تحت عمل کریں یا عمل کرنے کی منشا رکھتے ہو، مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰) کی دفعہ ۲۱ کے تحت سرکاری ملازم تصور کئے جائیں گے۔

۴۹۔ **اعداد و شمار معلومات وغیرہ تک رسائی۔** (۱) بلحاظ اس امر کے کہ فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں کچھ مذکور ہو، اتھارٹی کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ زرعی پیداوار، پودوں، جانوروں یا ان پر مبنی مصنوعات کی درآمد اور برآمد سے متعلق کسی اعداد و شمار یا معلومات حاصل کرنے یا ان تک رسائی حاصل کرنے کا حق رکھتی نیز سرکاری استعمال اور تشخص جو کسی بزنس آپریٹر کے پاس دستیاب ہو، کے لیے غذا اور فیڈ آئٹمز پر مبنی اعداد و شمار پر مشتمل ہو۔

(۲) کوئی شخص، ادارہ، تنظیم یا محکمہ اتھارٹی کی جانب سے متعین کردہ مدت کے اندر اندر مطلوبہ معلومات فراہم کرے گا اور ایسا کرنے میں ناکام ہونے کی صورت میں وہ سزا کے نفاذ کے ذریعے جو مقرر کی جا سکتی ہے اس کا مستوجب ہو گا۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) اور (۲) کی تصریحات ایکٹ ہذا کے دفعہ ۲۳ کی تصریحات کے تابع ہوں گی۔

۵۰۔ **کارروائی کا جواز۔** بورڈ، سائنسی کمیٹی یا مشاورتی کمیٹی کی تشکیل میں صرف کسی اسامی کی موجودگی یا نقص کے بعد کوئی بھی فعل یا کارروائی باطل نہیں ہو گی بشرطیکہ ایکٹ ہذا کی تحت دیگر مقتضیات پوری ہوتی ہوں۔

۵۱۔ **حکم کے بارے میں قیاس۔** (۱) جب ایکٹ ہذا کے تحت تفویض کردہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے کسی اتھارٹی کے ذریعے کسی حکم کا ارادہ کیا گیا ہو اور اس پر دستخط کئے گئے ہوں تو عدالت قانون شہادت (پی۔او نمبر ۱۰ بابت ۱۹۸۴) کے مطابق یہ قیاس کرے گی کہ اتھارٹی نے یہ حکم دیا تھا۔

(۲) اتھارٹی کے لیے فی الوقت کسی افسر، عہدیدار، مشیر، مشیر یا ماہر کی کسی بھی غلط کارروائی، بدعنوانی یا غفلت کی اتھارٹی ذمہ دار نہیں ہو گی۔

۵۲۔ **استثنا۔** ایکٹ ہذا یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد یا احکمات کے تحت نیک نیتی سے انجام دیئے گئے یا انجام دیئے جانے کی منشا کے حامل کسی کام کے ضمن میں اتھارٹی، بورڈ، سائنسی کمیٹی، مشاورتی کمیٹی چیئرمین، ڈپٹی چیئرپرسن، ارکان، چیف ایگزیکٹو، افسران، عملہ، مشیران یا اتھارٹی کے ماہرین کے خلاف کوئی مقدمہ، استغاثہ یا دیگر قانونی کارروائیاں عمل میں نہیں لائی جائیں گی۔

۵۳۔ **اتھارٹی کی مہر۔** (۱) اتھارٹی کے پاس ایک مہر ہو گی جو چیف ایگزیکٹو یا اس کی جانب سے تحریر اً مجاز کردہ کسی دیگر شخص کے پاس ہو گی۔

(۲) مہر کی تصدیق اس طریقے سے ہو گی جو کہ ضابطے کے تحت تجویم کیا جا سکتا ہے اور کسی دستاویز کو اس طرح تصدیق شدہ مہر کے ساتھ سربمہر کیا جائے گا دستاویز میں مذکورہ کوائف کی شہادت کے طور پر موصول ہو گی۔

۵۴۔ **اتھارٹی کے حکم ناموں اور دیگر دستاویزات کی توثیق۔** اتھارٹی کے تمام حکم ناموں، فیصلوں اور دیگر دستاویزات کی توثیق صرف اس افسر یا افسران و تنظیموں کے ذریعے کی جائے گی جنہیں اتھارٹی اس سلسلے میں مجاز قرار دیتی ہے۔

۵۵۔ **تقرری کی شرائط و قیود۔** ایکٹ ہذا کے تحت تقرری کی شرائط و قیود و تقرری سے قبل مقرر کی جائیں گی اور تقرر یاب شخص کے عہدے کی مدت کے دوران اس کے مفاد کے خلاف تبدیل نہیں کی جائیں گی۔

۵۶۔ **صنعتی تعلقات ایکٹ، ۲۰۱۲ء کا اطلاق نہیں ہو گا۔** صنعتی تعلقات ایکٹ، ۲۰۱۲ء (ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۲ء) میں شامل کسی امر کا اطلاق اتھارٹی پر یا اس کی جانب سے مقرر کردہ اس کے کسی افسر، مشاورت کار، یا ملازم پر نہیں ہو گا۔

۵۷۔ **اختتام۔** ہیئت ہائے اجتماعیہ کے اختتام سے متعلق قانون کی کسی دفعہ کا اطلاق اتھارٹی پر نہیں ہو گا اور اتھارٹی اختتام پزیر نہیں ہو گی ماسوائے اس طریقہ کے مطابق وفاقی حکومت کے حکم کے ذریعے جیسا کہ وفاقی حکومت ہدایت دے۔

۵۸۔ **محکموں کا انضمام۔** (۱) ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ کے بعد سے، زرعی مصنوعات، خوراک اور غذا سے متعلق ایس پی ایس اقدامات کے ذمہ دار وفاقی حکومت کے محکمے سرکاری جریدہ میں وفاقی حکومت کی جانب سے اعلان کردہ تاریخ سے اتھارٹی کے دائرہ اختیار میں آنے والے اپنے فرائض کے حوالے سے جزوی، کلی طور پر اتھارٹی میں ضم ہو جائیں گے۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کی عمومیت پر اثر انداز ہوئے بغیر، غذائی تحفظ اور ایس پی ایس اقدامات کے ذمہ دار اینمیل قرنطینہ ڈیپارٹمنٹ، ڈیپارٹمنٹس آف پلانٹ پروٹیکشنز اینڈ مہرین مشریز کے محکموں کے شعبہ جات ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ کی تاریخ سے اتھارٹی میں ضم ہو جائیں گے۔

۵۹۔ **عملے کا اتھارٹی میں تبادلہ۔** (۱) نیشنل اینمیل اینڈ پلانٹ ہیلتھ انسپکشن سروسز (این اے پی ایچ آئی ایس) پروجیکٹ کے تمام افسران اور ملازمین، بلحاظ اس امر کے کسی قانون، قاعدہ، معاہدہ، میثاق، دستاویز، دیگر دستاویز یا ملازمت کی شرائط میں کچھ مذکور ہو، کا تبادلہ اتھارٹی میں ہو جائے گا اور بازنامزدگی کی جائے گی یا ملازمت کی ایسی شرائط وقیود کے حوالے سے دیگر فرائض منصبی اور ڈیوٹیاں سپرد کی جائیں گی جو موجودہ شرائط وقیود کے مقابلے میں موافق نہیں ہوں گی۔

(۲) دفعہ ۵۸ میں کی گئی صراحت کے مطابق تمام محکموں کے تمام افسران اور ملازمین وفاقی حکومت کی جانب سے اعلان کردہ یا ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ کی تاریخ سے پینتالیس دنوں کے اندر ان شرائط وقیود پر اتھارٹی میں تبادلہ کئے جانے کا انتخاب کریں گے جو موجودہ شرائط وقیود سے کم موافق نہیں ہوں گی۔ انتخاب بروئے کار لانے پر وہ (الف) سرکاری ملازم نہیں رہیں گے اور (ب) ایکٹ ہذا کے متعلقہ ضوابط یا دفعات میں صراحت کردہ ملازمت کی شرائط وقیود کے تابع آجائیں گے۔ ایک مرتبہ انتخاب کو بروئے کار لانا حتمی ہو گا۔

(۳) وفاقی حکومت ذیلی دفعہ (۲) کے تحت ایسے طریق کار اور اس حد تک اتھارٹی میں تبادلہ ہو کر آنے والے ہر ایک افسر اور ملازم کے ضمن میں جمع ہونے والی پنشن اخراجات، گریجویٹی اور پراویڈنٹ فنڈ ادا کرے گی جیسا کہ قواعد کے تحت مقرر کیا جاتا ہے۔

(۴) ذیلی دفعات (۱) اور (۲) ک میں محولہ کوئی افسر یا ملازم، بلالحاظ اس امر کے کہ وقتی طور پر نافذ العمل اور قابل اطلاق کسی قانون، قواعد ع، معاہدہ یا دستاویز یا ملازمت کی شرائط میں کچھ مذکور ہو، اپنے تبادلہ اور انتخاب کو بروئے کار لانے کی وجہ سے یہاں مذکورہ بالا میں صراحت کے علاوہ کسی معاوضے کا حقدار نہیں ہو گا۔

۶۰۔ **جدول کی ترمیم۔** وفاقی حکومت سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے جدول میں کسی اندراج کے اضافے یا اس میں کسی اندراج کو حذف کرنے کے ذریعے ترمیم کر سکتی ہے۔ بشرطیکہ اس کا تعلق درآمد، برآمد یا بین الاصوبائی تجارت سے ہو۔

۶۱۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار۔** وفاقی حکومت ایکٹ ہذا کے اغراض کے حصول میں سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

۶۲۔ **ضوابط وضع کرنے کا اختیار۔** اتھارٹی سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے ایکٹ ہذا کی اغراض کے حصول کے لیے ایسے ضوابط وضع کر سکتی ہے جو اس ایکٹ کی تصریحات اور اس کے تحت بننے والے قواعد سے عدم مطابعت نہیں رکھتے ہوں۔ جب تک فنی ضوابط کے سوا ضوابط وضع نہیں کر لیے جاتے اس وقت تک وفاقی حکومت کی جانب سے بالعموم اور سرکاری ملازمین اور وفاقی ملازمین کی ملازمت کی شرائط و قیود سے متعلق بالخصوص وضع کردہ قواعد و ضوابط اس طرح قابل اطلاق ہوں گے جیسا کہ ان اتھارٹی کے ارکان، مشیران، مشاورت کاران، ماہرین اور ملازمین پر اطلاق ہوتا ہے۔

۶۳۔ **قواعد و ضوابط کی اشاعت۔** قواعد و ضوابط وضع کرنے کا دفعات ۵۵ اور ۵۶ کے ذریعے مفوضہ اختیار، ماسوائے پہلی مرتبہ کے، گزشتہ اشاعت کی شرط سے مشروط ہو گا۔

۶۴۔ **مشکلات کا ازالہ۔** اگر ایکٹ ہذا کی کسی تصریح کے نفاذ میں کوئی دشواری پیدا ہوتی ہے تو وفاقی حکومت ایسا حکم صادر کرے گی جو ایکٹ ہذا کی تصریحات سے متصادم نہیں ہو گا اور جو اس کے خیال ممیں اس طرح کی دشواری کے ازالہ کی غرض سے ضروری اور قرین مصلحت ہو گا۔

جدول

(دفعہ ۲(۴۲) ملاحظہ فرمایئے)

(۱)۔ پاکستان پلاٹ قرنطینہ ایکٹ، ۱۹۷۶ء (نمبر ۷۵ بابت ۱۹۷۶ء)؛

(۲) پاکستان اینیمل قرنطینہ (جانوروں کی درآمد و برآمد اور جانوروں کی پیداوار) آرڈیننس، ۱۹۷۹ (نمبر ۴۹ بابت ۱۹۷۹)

(۳) پاکستان فش انسپکشن اینڈ کوالٹی کنٹرول ایکٹ، ۱۹۷۹ (نمبر ۴۹ بابت ۱۹۷۹)

(۴) زرعی وباء کش ادویات آرڈیننس، ۱۹۷۱ (نمبر ۲ بابت ۱۹۷۱)

(۵) زرعی پیداوار (درجہ بندی اور نشان اندازی) ایکٹ، ۱۹۳۷۔

بیان اغراض و وجوہ

پاکستان اپنی زراعت پر مبنی اجناس کی تجارت کے حوالے سے حفظان صحت اور پودوں کی نشوونما کے انتظام کے لیے جامع حکمت عملی سے محروم ہے جس کی وجہ سے اس کی برآمدات متاثر ہو رہی ہیں۔ بین الاقوامی معیارات پر عمل پیرا نہ ہونے والی مصنوعات کے بین الاقوامی منڈیوں میں داخلے پر ملک کو اپنی زراعت پر مبنی اجناس پر اپنے تجارتی پارٹنرز کی جانب سے مسلسل مسترد کیے جانے / پابندی کا سامنا ہے۔ اس کے نتیجہ میں پاکستان کی برآمد کنندگان کو بھاری نقصانات اٹھانے پڑے ہیں اور غیر ملکی زرمبادلہ کی آمدنی میں خاطر خواہ کمی ہوئی ہے۔ زراعت پر مبنی اجناس کی ہماری تجارت کو درپیش بنیادی مسئلہ مربوط ایس پی ایس انتظام اور سرکاری کنٹرول کے نظام کی غیر موجودگی ہے جس کا مقصد ڈبلیو ٹی او نظام کے تحت حفظان صحت اور پودوں کی نشوونما کے اقدامات کے تناظر میں ابھرتے ہوئے چیلنجوں کا مقابلہ کرنا ہے۔ قومی اور بین الاقوامی اداروں کی جانب سے کیے گئے مختلف مطالعاتی جائزوں میں وفاق سطح پر ایک

انضباطی اتھارٹی کے قیام کی سفارش کی گئی ہے جس میں غذائی تحفظ اور ایس پی ایس تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بنانے کا مینڈیٹ دیا گیا ہے جیسا کہ بین الاقوامی معیار مقرر کرنے والے اداروں یعنی کوڈکس ایلیمنٹاریس کمیشن، انٹرنیشنل پلانٹ پروٹیکشن کنونشن (آئی پی سی) اور ورلڈ اینیمل ہیلتھ آرگنائزیشن (او آئی ای) کی جانب سے مقرر کئے گئے ہیں۔ اس پس منظر میں قومی غذائی تحفظ صحت حیوانات ونباتات انضباطی اتھارٹی کے قیام کے لیے ایک مسودہ قانون وضع کیا گیا ہے جس کا مقصد حفظان صحت اور پودوں کی نشوونما کے اقدامات پر عمل درآمد پر ڈبلیو ٹی او معاہدے کے تحت پاکستان کی بین الاقوامی ذمہ داریوں پر عمل درآمد کرنا ہے۔ یہ اتھارٹی زرعی اجناس کی معیاری برآمد کو فروغ دینے اور اپنے عوام کو محفوظ درآمد خوراک فراہم کرنے میں مدد دے گی۔ اس کا مسودہ قانون کے نمایاں پہلو حسب ذیل ہیں:

(الف) اس مسودہ قانون کو وضع کرنے کا مقصد بین الاقوامی تجارت (برآمدات و درآمدات) بندرگاہ پر قرنطینہ، برآمد کی جانے والی اشیاء کی کوالٹی کے معیارات اور ۱۸ویں آئینی ترمیم کے حصہ اول کے تحت وفاقی دستوری موضوع ہونے کے ناطے بین الصوبائی تجارت کی نگرانی کرنے کے لیے ایک انضباطی ادارہ قائم کرنا ہے۔

(ب) اسے ایک تصدیقی نظام کی مدد سے حیوانات، نباتات، زرعی پیداوار، خوراک اور غذا سے متعلق خارجی اور داخلی مقامات پر ایک معائنہ اور کوالٹی کنٹرول نظام قائم کرنے کی اجازت دی جائے گی۔

(ج) اتھارٹی حیوانات اور حیواناتی مصنوعات اور بین الاقوامی فورموں پر پاکستان کے مفادات کے تحفظ کے لیے کوڈیکس ایلیمنٹریس کمیشن (برائے غذائی قوانین)، انٹرنیشنل پلانٹ پروٹیکشن کنونشن (برائے نباتات وصحت نباتات) اور ورلڈ اینیمل ہیلتھ آرگنائزیشن (او آئی ای) جیسی بین الاقوامی آرگنائزیشنز کے ساتھ رابطہ کرے گی۔

(د) اتھارٹی کو سائنسی کمیٹی کی معاونت حاصل ہوگی جو غذائی تحفظ، صحت حیوانات ونباتات (ایس پی ایس) سے متعلق معاملات پر سائنسی رائے دے گی۔ غذائی تحفظ اور صحت حیوانات ونباتات میں جائز مفاد کے حامل نمائندہ گروپس پر مشتمل مشاورتی کمیٹی فریقین اور اتھارٹی کے مابین رابطہ قائم کرنے میں مدد دے گی۔ یہ اتھارٹی کو ایس پی ایس اقدامات پر عمل درآمد کے حوالے سے رائے دے گی۔

(ہ) مسودہ قانون میں ایکٹ ہذا اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد یا ضوابط کی خلاف ورزی یا اعانت جرم کی کوشش کرنے والوں کے لیے جرمانوں کی صراحت کی گئی ہے۔ ان جرمانوں کے تجویز کئے جانے کا مقصد زرعی اجناس کی درآمد اور برآمد میں غیر سنجیدہ برآمد کنندگان اور درآمد کنندگان کی چھانٹی کرنا اور غیر معیاری مصنوعات میں ان کے ملوث ہونے کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔

(و) یہ مسودہ قانون نمونوں کی تشخیص کرنے کی غرض کے لیے نیشنل ایکریڈیشن کونسل (پی این اے سی) یا کسی دیگر قومی ایکریڈیشن ادارے کی جانب سے ٹیسٹنگ لیبارٹریوں کی منظوری کے لیے صراحت کرتا ہے۔ اتھارٹی ایس پی ایس شرائط کے سرکاری کنٹرول کے لیے سرکاری یا نجی شعبہ میں قائم کسی بھی ٹیسٹنگ لیب کو نامزد کرے گی۔

یہ مسودہ قانون ملک کی بین الاقوامی معیارات کے مطابق معیاری مصنوعات کے برآمد کنندہ کی حیثیت سے ساکھ میں اضافہ کرنے میں مددگار ثابت ہوگا اور زرعی اجناس پر مبنی برآمدات میں تیزی سے اضافہ میں مدد دے گا جس کے نتیجہ میں بالآخر ہماری پیداوار بڑھے گی اور کسانوں اور کاشتکاروں کی بہتر آمدنی کو یقینی بنائے گا۔

دستخط۔
رائے محمد مرتضیٰ اقبال
رکن قومی اسمبلی